سوال

(136) وہ عورت جس کا مانع حمل گولیاں استعمال کرنے کی وجہ سے مٹیالے رنگ کا مادہ بہنے لگا اور اس کا حیض بگڑ گیا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مٹیالے خون نے ایام حیض کو بگاڑ دیا۔ حالانکہ میں مسلسل مانع حمل گولیاں استعمال کر رہی ہوں اور سمجھا یہ جاتا ہے کہ ان گولیوں کے استعمال سے خون نہیں آتا تو کیا یہ مٹیالا خون حیض کا خون ہوگا؟ یاد رہے کہ وہ گولیاں بھی ختم ہوا چاہتی ہیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درحقیقت مانع حمل گولیوں کے استعمال نے خواتین کو اور اہل علم کو بہت سی مشکلات میں ڈالا ہوا ہے اس لیے کہ یہ گولیاں حیض کی عادت کو بگاڑ دیتی ہیں بعض معتبر ڈاکٹرز نے مجھے بتا یا ہے کہ ان گولیوں کے چودہ سے زیادہ نقصانات ہیں اور وہ سب مضر صحت ہیں دشمنان اسلام نے مسلم آبادی کو کم کرنے کے لیے ان ادویات کو تیار کیا ہے کیونکہ یہ رحموں کو خراب کر دیتی ہیں اور عورتوں کو کمزور کر دیتی ہیں حتیٰ کہ بعض خواتین ان گولیوں کے استعمال کی وجہ سے عموماً جسم میں کمزوری محسوس کرتی ہیں لہٰذا میں اپنی بہنوں کو یہ نصیحت کرنا چاہوں گا کہ وہ ان گولیوں کو ہرگز استعمال نہ کریں۔ کیونکہ یہ ضرررساں ہیں۔ اگر عورت حمل برداشت نہ کر سکتی ہو تو اس سے بچاؤ کے دیگر ذرائع بھی موجود ہیں جو وہ عورتیں یا ان کے خاوند اختیار کر سکتے ہیں جب واقعی عورت حمل کی متحمل نہ ہو سکتی ہو۔

لیکن خواتین کے لیے ان گولیوں کے استعمال کا دروازہ کھولنا ان کے لیے اور پوری امت کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ میں بذات خود ان گولیوں کے استعمال کی وجہ سے حیض کے معاملے میں پیدا ہونے والے پیچیدہ مسائل میں مشکل محسوس کرتا ہوں کیونکہ وہ فی الواقع حیران کن ہیں میں ہمیشہ عورتوں کو جو مجھ سے اس طرح کے مسائل دریافت کرتی ہیں ڈاکٹرز کی طرف رجوع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ ڈاکٹرز سے پوچھو جب ڈاکٹرز کہے کہ یہ حیض ہے تو وہ حیض ہے اور اگر وہ کہے کہ یہ ادویات کا نچوڑ ہے تو یہ حیض نہیں ہے اس وقت بھی میری طرف سے یہی جواب ہے۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر155

محدث فتویٰ